RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۲ مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴ شعبان ۱۳۲۹ھ مطابق ۳۱ جولائی ۱۹۱۱ء جلد ۲۳

فہرست مضامین

آرمی آرڈر پیشگاہ بندگانِ حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۵ جولائی ۱۹۱۱ء

حسب سفارش کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج ریاست رامپور مورخہ ۱۴ جولائی ۱۹۱۱ء نمبر ۱۹ رسالدار عبدالقادر خان ولد علی بہادر خان امپیریل سروس لانسرز ترپ نمبر ۴ بجائے رسالدار وردی میجر نیاز بہادر خان موقوف شدہ کے رسالدار وردی میجر بعطائے الاونس دس روپیہ ماہوار مقرر کئے گئے اور ان کو

جگہ نمبر ۱۶ر جمعدار فریدالدین خان ولد قمرالدین خان امپریل سروس لانسرز ترپ نمبر ۳ر رسائیدار مقرر کئے گئے حسب قاعدہ عملدرآمد ہو۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۶ر جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

دربارہ منظوری بیشی محصول شراب

رپورٹ منظور ہے۔ بغرض اجرای احکام واپس ہو۔

اعلحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض میر سامانہ

جناب عالی

رپورٹ صاحب سپرنڈنٹ آبکاری معروضہ ۱۵ر جولائی سنہ ۱۹۱۱ء واسطے صدور حکم منظوری کے ابلاغ حضور ہے۔ اور گذارش ہے کہ منظوری شرح معرحہ رپورٹ مذکور جسقدر جلد صادر ہوگی مناسب ہوگا کیونکہ اسکا اعلان گزٹ مین بھی ہوگا اور آئیندہ نیلام مین بھی اندراج ہوگا۔

حکم اجلاس صاحب یونیو سکرٹری بہادر

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم وملکہم احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ بعد اجراء احکام اصل کاغذات فوراً بجلد صاحب سپرنڈنٹ آبکاری مرسل ہون۔

رپورٹ صاحب سپرنڈنٹ آبکاری باجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

گزارش ہے کہ جدید انتظام آبکاری اکتوبر سنہ ۱۹۰۸ء سے ہوا ہے اور ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء کو تین سال ختم ہونگے۔ اس مدت سہ سالہ مین تحصیل شاہ آباد وملک وحضور تحصیل وشہر کیلئے محصول شراب بحساب ۱۲؎ فی لندن پروف گیلن تھا۔ اور باقی تحصیلات مین بحساب ۱۰؎ فی لندن پروف گیلن تھا۔ اب وقت ہے کہ محصول شراب مین کچھ بیشی کیجائے تاکہ کثرت میخواری کے لئے روک ہو چنانچہ اس مقصد کے حصول کیلئے میری رائے ہے کہ بجاے ۱۲؎ کی شرح محصول رقبہ مذکورہ بالا مین دو روپیہ ہونا چاہئے اور رقبہ محصول ادنی مین بجائے ایکروپیہ کے ۱۲؎ محصول فی لندن پروف گیلن ہونا چاہئے علاقہ انگریزی مین مقابلہ رقبہ اعلے یعنی شاہ آباد۔ ملک حضور تحصیل مع شہر کے دو روپیہ گیلن سے زیادہ محصول ہے پس ریاست کا محصول اوس سے کم رہیگا اور اندیشہ درآمد شراب انگریزی کا نہین ہے لیکن رقبہ ادنے یعنی تحصیلات بلاسپور سوار ٹانڈہ کے مقابلہ مین انگریزی کے علاقہ مین بھی وہی ایکروپیہ فی گیلن محصول ہے جو ریاست مین ان تحصیلات کے لئے مقرر ہے۔ پس ضرور ہے کہ بیشی محصول حتی الامکان انگریزی شرح محصول سے زیادہ نہین ہونا چاہئے لہذا کمشنر صاحب بہادر آبکاری صوبہ ہذا سے اسکے متعلق استفسار کیا گیا اور معلوم ہوا کہ انگریزی علاقہ ترائی مین بھی غالباً محصول شراب یکم اپریل سنہ ۱۹۱۲ء سے بڑھ جاویگا اور بشرح دو روپیہ فی لندن پروف گیلن مقرر ہوگا۔ مگر چونکہ سال آبکاری ریاست مین اکتوبر سے شروع ہوتا ہے اور انگریزی علاقہ مین اپریل سے شروع ہوتا ہے۔ لہذا ہمیشہ چھ ماہ کا فرق رہنا ظاہر ہے۔ میری رائے ہے کہ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء سے بیشی محصول مجوزہ کی

منظوری بعد تکمیل دفعہ ۷ ضمن (الف) قانون آبکاری ریاست امسوقت

اجلاس ہمایون دام اقبالہم وملکہم سے حاصل فرمائی جاوے اور

اندراج گزٹ میں بیچ اشاعت ہونیکا حکم صادر فرمایا جاوے۔ اکتوبر

لغایت یکم اپریل انگریزی میں محصول بمقابلہ ریاست کے کم رہیگا۔ لہذا

خاص طور سے اس رقبہ کی حفاظت کی ضرورت ہوگی اور نیز بیشی

محصول کیوجہ بتمام طور سے ہر جگہ نگرانی افسران آبکاری کی غیر معمولی

ہوگی۔ لہذا اسکے متعلق جداگانہ یادداشت بغرض انتظام مناسب

بعد منظوری بیشی محصول پیش کیجائیگی۔ چونکہ تاریخ نیلام آبکاری

پہلے ہفتہ اگست میں مقرر فرمائی گئی ہے لہذا اسکی منظوری جلد

صادر فرمائی جائے تاکہ اشتہار نیلام میں شرح محصول تجویز شدہ طبع ہو جاوے

۱۵ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر دربارہ

پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ میان عبدالغنی وسدردی

پندرہ روپیہ بابت خوراک نقدی از باورچیخانہ ذی تیس روپیہ

جو مد موٹر سے ملتے ہیں اور بدستور ملی کھانا سفر و حضر میں

باورچیخانہ ہندوستانی سے و آیندہ پڑنے تنخواہ مد شاگرد پیشہ میں

کل ساٹھہ روپیہ ماہوار ۲۰ جولائی سنہ حال سے۔

میان عبدالغنی کو مبلغ تیس روپیہ ماہوار موٹر کی مد سے ملتے ہیں اور پندرہ روپیہ

ماہوار بابت طعام باورچیخانہ ہندوستانی سے ملتے ہیں یہ دونوں تیس

چنتالیس روپیہ کی ہوتیں۔ اب مبلغ پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے

یہ کل رقم مبلغ ساٹھہ روپیہ ماہوار مد شاگرد پیشہ سے ملا کریگی۔ اور تنخواہ میں پندرہ روپیہ

ماہوار موٹر اور پندرہ روپیہ ماہوار خوراک باورچیخانہ سے ملتی ہے وہ مسدود کیجائے

اب نہ دیجائیگی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں مگر یہ کہ علاوہ ساٹھہ روپیہ ماہوار کے

جو کھانا سفر و حضر میں باورچیخانہ سے ملتا ہے وہ بدستور ملیگا۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲۳ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ بخشی صاحب فوج بوجہ محنت ولیاقت ملازمت دیرینہ منشی

احمد رضا خان ناظر بخشیگری کا چار روپیہ اضافہ منظور فرمایا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۲۵ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست مزید رخصت دو ماہ تفضل حسین خان

مدرس پٹواریان بانتظام سابقہ منظور کی گئی

برگیڈ آرڈر اجلاس کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج واقع ۱۰ جون سنہ ۱۹۱۱ء

بملاحظہ رپورٹ لفٹنٹ ایڈجوٹنٹ صاحب معہ تحریر میجر صاحب سکنڈ بٹالین انفنٹری مورخہ ۸ جون سنہ ۱۹۱۱ء

واضح ہوا کہ صوبہ دار امداد اللہ خان کمپنی نمبر ۱ و مظفر خان صوبہ دار کمپنی نمبر ۱ و کو تہ حوالدار

سید معین الدین کمپنی نمبر ۱ بٹالین نمبر ۲ کو میجر صاحب نے حکم دیا تھا کہ ۱۹ جون سنہ ۱۹۱۱ء کو حساب

بیلنس شیٹ دیکھا جائیگا سب لوگ متعلق حاضر ہوں تب مقررہ پر سب لوگ حاضر ہوئے مگر یہ

ہر سہ کس باوجود حکم سننے کے غیر حاضر رہے چونکہ میجر صاحب کو انکے حکم نہ ماننے کی نسبت شکایت ہے

اور ہمکو بھی اشخاص مندرجہ کی یہ بات ناپسند ہے لہذا کوتہ حوالدار سید معین الدین کا

ایک درجہ کا گڈ کانڈکٹ تین ماہ کیواسطے توڑ دیا گیا اور صوبہ داران مندرجہ کی

شیٹ رول میں سخت ملامت کی تحریر کیجاکر حسب قاعدہ عملدرآمد ہو۔ فقط

دستخط فارکرنل کمانڈنٹ افواج

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور سہ ماہی من ابتدائے یکم اپریل سنہ ۱۹۱۱ء لغایت جون سنہ ۱۹۱۱ء

نام مقام	تفصیل پیدائش — مرد — مسلمان	تفصیل پیدائش — مرد — ہندو	تفصیل پیدائش — عورت — مسلمان	تفصیل پیدائش — عورت — ہندو	تفصیل پیدائش — میزان	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہندو	تفصیل فوتی — ایک سال سے ۵ سال تک — مرد	ایک سال سے ۵ سال تک — عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک — مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک — عورت	۱۲ سال سے زیادہ — مرد	۱۲ سال سے زیادہ — عورت	میزان — مرد	میزان — عورت	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہندو	تفصیل امراض — ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	دیگر درندہ جانور کے کاٹنے سے	طاعون	میزان از خانہ ۱۹ لغایت ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۷۳	۱۶	۴۲	۷	۱۳۸	۱۱۵	۲۳	۶۹	۸۱	۱۸	۱۳	۸۱	۱۱۴	۱۶۸	۲۰۸	۳۱۴	۶۲	۳	۵۵	۰	۲۳۵	۰	۰	۸۳	۳۷۶	
گنج	۴۱	۸	۲۴	۱	۹۴	۸۵	۹	۷۲	۷۵	۲۳	۲۰	۱۳۴	۱۶۶	۲۲۹	۲۶۱	۴۴۱	۴۹	۰	۷۸	۰	۱۸۸	۰	۰	۲۲۴	۴۹۰	
حوالی شہر	۲۶	۳۴	۱۰	۱۶	۸۶	۳۶	۵۰	۱۰	۳	۴	۷	۳۳۳	۴۶	۴۷	۲۵۶	۵۱	۵۲	۱	۱	۰	۹۶	۰	۰	۵	۱۰۳	
عظیم نگر	۷۹	۵۸	۶۴	۴۰	۲۴۱	۱۴۳	۹۸	۳۹	۳۴	۷	۹	۵۱	۵۶	۹۷	۹۹	۱۱۴	۸۲	۰	۲	۰	۱۵۵	۰	۳۵	۴	۱۹۶	
شاہ آباد	۳۵	۱۰۶	۳۳	۷۸	۲۵۱	۶۷	۱۸۴	۵۴	۶۴	۴۳	۴۲	۲۱۲	۲۱۷	۳۰۹	۳۲۳	۲۵۱	۳۸۱	۰	۷	۲۷۱	۰	۱	۱	۳۵۲	۶۳۲	
پٹوائی	۱۶	۶۵	۹	۶۱	۱۵۱	۲۵	۱۲۶	۳۴	۲۰	۵	۶	۸۱	۴۴	۱۲۰	۷۰	۴۴	۱۲۶	۰	۱۲	۱۷۷	۱	۰	۰	۰	۱۹۰	
ملک	۲۷	۲۱۲	۲۶	۱۶۲	۴۲۷	۵۳	۳۷۴	۱۰۱	۵۳	۳۴	۳۱	۱۹۵	۱۳۵	۳۰۰	۲۱۹	۱۰۱	۴۱۸	۱	۳۲	۰	۲۹۲	۷	۰	۸۷	۵۱۹	
بلاسپور	۳۱	۲۳	۴۲	۳۴	۱۳۰	۷۳	۵۷	۴۱	۱۹	۱۵	۲۰	۱۰۵	۹۳	۱۶۱	۱۶۲	۱۶۴	۱۵۹	۰	۱۵	۰	۲۰۰	۶	۰	۱۰۲	۳۲۳	
کیمری	۲۴	۲۵	۴۵	۲۶	۱۳۰	۵۹	۷۱	۲۷	۱۹	۱۲	۲۰	۹۹	۱۱۲	۱۳۸	۱۵۳	۱۹۲	۹۹	۰	۲	۰	۱۱۸	۰	۰	۱۷۱	۲۹۱	
سوار	۸۰	۶۷	۱۰۱	۵۱	۲۹۹	۱۸۱	۱۱۸	۵۸	۴۸	۱۴	۱۰	۴۹	۸۲	۱۷۱	۱۴۰	۱۸۹	۱۲۲	۱	۴	۲۰۰	۷۴	۱	۰	۳۱	۳۱۱	
ٹانڈہ	۵۱	۴۸	۴۹	۴۸	۱۸۶	۹۰	۹۶	۴۷	۴۹	۱۵	۲۱	۷۵	۷۶	۱۳۷	۱۴۶	۱۴۵	۱۱۸	۱	۱۸	۲۶۰	۳	۱	۰	۰	۲۸۳	
میزان	۵۱۳	۶۶۲	۴۳۹	۵۲۲	۲۱۳۳	۹۲۷	۱۲۰۶	۵۵۲	۴۹۵	۱۹۰	۱۹۹	۱۱۲۵	۱۱۳۴	۱۸۶۶	۱۸۳۲	۲۰۳۶	۱۶۸۸	۶	۲۲۶	۹۰۸	۱۳۶۲	۱۴۰	۳۶	۱۰۵۹	۳۶۱۲	

نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۳ جولائی لغایت ۲۹ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	آج	از یکم جون	آج	از یکم جون	آج	از یکم جون	آج	از یکم جون	آج	از یکم جون	آج	از یکم جون
۲۳ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز یکشنبہ	۰	۶۰	۰	۷۰	۰	۴۱	۰	۵۳	۰	۶۵	۰	۳۴
۲۴ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز دوشنبہ	۰	۶۰	۰	۷۰	۰	۴۱	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۶۵	۰	۳۴
۲۵ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز سہ شنبہ	۵/۲	۶۵/۲	۰	۷۰	۰	۴۱	۰	〃	۹	۷۴	۰	۳۴
۲۶ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز چہارشنبہ	۰	۶۵/۲	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۴۱	۰	〃	۰	۷۴	۰	۳۴
۲۷ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز پنجشنبہ	۰	۶۵/۲	۰	〃	۰	۴۱	۰	〃	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۳۴
۲۸ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز جمعہ	۰	۶۵/۲	۰	〃	۰	۴۱	۰	〃	۰	〃	۰	۳۴
۲۹ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز شنبہ	۰	۶۵/۲	۰	〃	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	〃	۰	〃	۰	نقشہ نہیں آیا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۴ جولائی لغایت ۳۰ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

نام جنس	تحصیل حضور	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۰	۰	۱۲۱۰ سیر	۱۱۰ سیر	۱۱ سیر	دیگر تحصیلات سے نقشہ نرخنامہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۰	۰	۱۵ سیر	۱۵ سیر	۱۹ سیر	
نخود کسنہ آمیز	۰	۰	۰	۱۷۱۰ سیر	۱۸۱۰ سیر	۱۸ سیر	
کسنہ	۰	۰	۰	۰	۱۷ سیر	۱۹ سیر	
ماش	۰	۰	۰	۹ سیر	۸ سیر	۹ سیر	
مونگ	۰	۰	۰	۰	۱۰ سیر	۰۹ سیر	
مکا	۰	۰	۰	۲۲ سیر	۲۰ سیر	۰	
جئی	۰	۰	۰	۲۰ سیر	۲۵ سیر	۲۴ سیر	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۱۸ سیر	۱۶ سیر	
عدس	۰	۰	۰	۹ سیر	۱۰ سیر	۱۰ سیر	
ارہر	۰	۰	۰	۱۰ سیر	۱۰ سیر	۱۳ سیر	
برنج	۰	۰	۰	۶ سیر	۶ سیر	۶ سیر	
روغن زرد	۰	۰	۰	۲ سیر	۰/۲ سیر	۰/۲ سیر	
روغن سیاہ	۰	۰	۰	۲ سیر	۲ سیر	۲ سیر	
روغن کنجد	۰	۰	۰	۰	۱۰ سیر	۰	
نمک سانبھر	۰	۰	۰	۱۳ سیر	۱۴ سیر	۱۴ سیر	
نمک لاہوری	۰	۰	۰	۰	۰	۱۲ سیر	
قند سیاہ	۰	۰	۰	۵ سیر	۵ سیر	۶ سیر	
باجرہ							